Koronakommisjonen

Kommisjonen er oppnevnt i statsråd 24. april 2020

کمیشن کا تقرر کابینہ نے 24 اپریل 2020 کو کیا ہے

کمشنر اسٹینر کیونسن لینڈ

14 اپریل 2021

تشخیص جبکہ بحران ابھی بھی جاری ہے

- بے مثال بحران
- ہر ایک متاثر ہوا ہے لیکن بحران غیرمساوی طریقہ سے اثر انداز ہوا ہے
- بچوں اور نوجوانوں پر ایک بہت بڑا بوجھ ہے □ اور بے روزگاری میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے
- ہمیں ابھی تک یہ معلوم نہیں ہے کہ وبائی بیماری کے طویل مدتی نتائج کیا ہوں گے

NOU 2021: 6
حکومت کی جانب سے کرونا وبا کا انتظام

- ایک جامع رپورٹ
- تفتیش اور تشخیص
- نتائج تشخیص سیکھنے کے نکات اور سفارشات
- کمیشن رپورٹ کے تمام حصوں کے پیچھے متحد ہے
- 17 اہم پیغام - رپورٹ میں باب 2.2

ہمارا کام

- 24 اپریل 2020 کو آزاد کمیشن مقرر ہوا
- ایک بہت وسیع مینڈیٹ:
  - حکام کے ہینڈلنگ کا مکمل اور جامع جائزہ
  - ہینڈلنگ کے تمام متعلقہ پہلوؤں کا نقشہ
- کام کی حدود
- کام کی شکل:
  - کمیشن کے اجلاسوں میں□ سب سے زیادہ ڈیجیٹل
  - دستاویز کا جائزہ □ ان پٹ □ انٹرویو □ بیرونی اسائنمنٹس

ہینڈلنگ ۔ کچھ نتائج



مجموعی طور پر حکام نے وبا کو اچھی طرح سنبھالا ہے

- مارچ 2020 میں جب انفیکشن کی شرح میں تیزی سے اضافہ ہوا تو سیاستدانوں اور صحت کے حکام نے پہل کا مظاہرہ کیا اور جلد خود کو ڈھال لیا
- دوسرے یورپی ممالک کے مقابلے میں اموات کی شرح کم تر ہے اور اقتصادی طور پر بھی کم متاثر ہوئے ہیں

عوام کے بغیر کامیابی ممکن نہ تھی

- ناروے کا معاشرہ کسی بحران سے نمٹنے کے لیے اچھی طرح سے لیس تھا
- صحت کی دیکھ بھال کی سہولت ہر ایک کو دستیاب ہے
- ناروے کے معاشرے کا ماڈل , ایک قوت بن کر سامنے آیا ہے
- شہریوں کا ایک دوسرے پر اور حکام پر اعلی سطح کا اعتماد ہے

جن حالات میں ہم تھے سخت بیماری سے بچاؤ کے اقدامات 12 مارچ 2020سے نافذ کرنا ٹھیک تھے

- انفیکشن میں تیزی سے اضافہ ہوا اور یہ ایک ایسا انفیکشن تھا جس کا پتہ نہیں چل رہا تھا
- آبادی میں بے چینی بڑھ رہی ہے اور حکام پر اعتماد گھٹ رہا ہے
- مزید معلومات کے انتظار کے بجائے فیصلہ کرنا ٹھیک تھا

سیاستدانوں نے 12 مارچ کو بندش کرنے کے لئے دباؤ ڈالا

- وزیر اعظم کے دفتر نے اقدامات کے جامع پیکیج پر زور دیا
- وزیر صحت نے اقدامات کے جامع پیکیج پر زور دیا
- ایف ایچ آئی نے روکے رکھا ۔ وہ یکساں طور پر مداخلتی اقدامات کے خواہاں نہیں تھے
- محکمہ صحت مداخلتی اقدامات چاہتے تھے لیکن ان کی تیاری نہیں کی تھی

وقت کا دباؤ ضرورت سے زیادہ بڑھ گیا تھا

- فروری میں □ ڈائریکٹر برائے صحت نے کہا کہ مداخلتی اقدامات ضروری ہو سکتے ہیں
- اس کے باوجود □ بند ہونے سے پہلے معاشرتی نتائج کا اندازہ لگانے کا کوئی سراغ نہیں ملتا ہے
- 12 مارچ تک کوئی اور وزارتیں شامل نہیں تھیں
- 12 مارچ کا فیصلہ حکومت کو کرنا چاہئے تھا

دوبارہ کھولنے کا منصوبہ بندش سے بہتر تھا لیکن...

- 2020 کے موسم خزاں میں درآمدی انفیکشن روکنے کے لئے حکومت کے پاس کوئی منصوبہ نہیں تھا
- حکومت نے کاروباری مسافروں کے لئے پیروی کے اچھے نظام کے بغیر اصول بنائے
- زیادہ بوجھ والی بلدیات کو نگرانی کی ذمہ داری دی گی تھی
- جب نارویجن لیبر انسپیکشن اتھارٹی کو ذمہ داری دی گئی تو انہیں بڑے تضادات ملے
- جب حکومت نے سرحدوں پر سخت کنٹرول متعارف کروائے تو ان کے پاس ان کے نفاذ کے آلات نہیں تھے

غیر واضح کردار

- وزارت صحت اور نگہداشت نے نظامت صحت کے شعبے کی کوششوں کو مربوط کرنے کے لئے کردار ادا کیا لیکن اس نے خود کو مربوط کرنے میں بہت وقت لگایا ۔
- ایف ایچ آئی ڈائریکٹوریٹ برائے صحت نے ایک دوسرے کے معاملات میں ٹانگ اڑائی
- ایف ایچ آئی کا کردار علم فراہم کرنے سے آگے بڑھ گیا
- ڈائریکٹوریٹ برائے صحت ,انفیکشن کنٹرول کے شعبے میں اتھارٹی کے کردار کو پورا کرنے کے قابل نہیں تھا
- وزیر صحت نے 11 دسمبر 2020 کو کرداروں کی وضاحت کی
- واضح کردار نہ ہونے کے باوجود انہوں نے مل کر اچھی طرح سے کام کیا ہے

حکومت نے بلدیاتی اداروں پر بہت کم توجہ دی

- بلدیات کو ان کی تیاری سبے ڑھ کر کام دیئے گئے
- وقت کے ساتھ ساتھ انفیکشن کو شکست دینا اور ٹِسک کبھی بھی منصوبوں کا حصہ نہیں رہا
- طویل عرصے تک بلدیات کے لیے معلومات کا واحد ذریعہ حکومت کی پریس کانفرنسیں تھیں کہ انھیں فوری طور پر کیا کرنا چاہئے
- ℑ𝔖𝕂 کو نافذ کرنے کے لئے بلدیات کو ضروری تعاون حاصل نہیں ہوا
- حکومت نے انفیکشن کنٹرول آلات کی تقسیم میں اسپتالوں پر سب سے زیادہ زور دیا
- بلدیات کی دیکھ بھال کے لئے حالات سازگار بنانے کے لئے ایک طویل وقت لگاہے

تیاری اور ہنگامی تیاری - کچھ نتائج

مطلع لیکن کوئی تیاری نہیں

- حکومت جانتی تھی کہ ایک عالمی وبا ممکنہ قومی بحران ہے جس کے سب سے زیادہ منفی نتائج ہو سکتے ہیں

- ایک سنگین ناکامی یہ ہے کہ جب کوڈ -19 وبا آئی تو وہ اس کے لیےتیار نہیں تھے

جامع انفیکشن کنٹرول کے اقدامات کے لئے کوئی ہنگامی تیاری نہیں

- انفیکشن کنٹرول ایکٹ معاشرے کے بڑے حصوں کو بند کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے
- تاہم حکومت اس طرح کے اقدامات استعمال کرنے کے لئے تیار نہیں تھی:
  - ہمیں کوئی منظرنامہ نہیں ملتا ہے
  - ہمیں کوئی منصوبہ نہیں ملتا ہے
  - ہمیں کوئی مشق نہیں ملتی ہے

حکومت کے پاس اس بات کا کوئی مجموعی تجزیہ نہیں تھا کہ یہ وبائی بیماری معاشرے کے لئے کیا معنی رکھتی ہے

- شعبوں نے خطرے کا اندازہ لگایا ہے اور بحرانوں سے نمٹنے کے لئے منصوبے بنائے ہیں
- حکومت نے اس بات کا اندازہ نہیں لگایا کہ ہر شعبے میں نتائج ایک دوسرے کو کیسے متاثر کرتے ہیں
- شعبوں نے 25 سے 40 فیصد بیماری کی رخصت کے لئے منصوبہ بنایا ہے۔ بظاہر کسی نے بھی اس پر غور نہیں کیا ہے کہ اس وقت ملک کس بحران کا شکار ہوگا.
- یہاں تک کہ بندش کے بغیر □ معاشرہ تقریبا رک جاتا۔ ہمیں ایسی کوئی منصوبہ بندی یا منظرنامے نہیں ملتے جو ایسی صورتحال کو مدنظر رکھیں

انفیکشن کنٹرول آلات کی شدید قلت

- حکومت جانتی تھی کہ وبا کا امکان ہے اور وبائی امراض کے دوران انفیکشن کنٹرول کے آلات کا حصول مشکل ہوگا

- اس کے باوجود گودام خالی تھے

اپنے ہی انتباہات سے دوری

- 2003 میں سارس وبا کی تشخیص اور 2015 میں ایبولا پھیلنے سے یہ طے ہوا کہ عالمی سطح پر انفیکشن کنٹرول کے سازوسامان کی فراہمی بہت کم ہوسکتی ہے۔
- اس کے باوجود □ عالمی منڈیوں میں معمول کے مطابق سامان خریدنا ہی واحد منصوبہ تھا
- حکام غیر روایتی طریقوں سے سامان خریدنے میں کامیاب ہوگئے
- اگر چین میں انفیکشن باقی دنیا کے ساتھ ہی مرحلہ میں ہوتا□ تو صورتحال بہت نازک ہوجاتی

- اگلا بحران بالکل مختلف نظر آسکتا ہے
- اس بحران سے سیکھا گیا سبق خود بخود اگلے کیلئے درست نہیں ہے
- عالمی وباختم نہیں ہوئی ہے
- وبائی مرض ختم ہونے تک بہت سے حالات کا جائزہ نہیں لیا جاسکتا

Rapporten kan bestilles på www.publikasjoner.dep.no